ایڈیٹر: شہزاد اختر

Email : maidanesahafat@gmail.com

TWICE A WEEK **MAIDAN E SAHAFAT** MALEGAON

RNI. No.MAHURD/2016/68133 | Post.L.No.MGN/RNP-200/2022-2024

جلد نمبر 6 | شمارہ نمبر 42 | مورخہ یکم/فروری ۲۰۲۲ء مطابق ۲۸/جمادی الآخر ۱۴۴۳ھ | بروز منگل | صفحات: ۴ | قیمت: ۲/روپے Rs. 2 | 01-02-2022 Tuesday | Issue No. 42 | Vol. No. 6

فضائلِ اعمال

حشر

اُم المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انہوں نے فرمایا: ”میں نے عرض کیا: اللہ کے رسول! قیامت کے دن لوگ کس حالت میں اُٹھیں گے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ننگے پاؤں، ننگے بدن۔ میں نے کہا: اور عورتیں؟ فرمایا: عورتیں بھی۔ میں نے کہا: اللہ کے رسول ﷺ! ہمیں شرم نہیں آئے گی؟ فرمایا: عائشہ معاملہ اس سے زیادہ سخت ہے کہ کوئی کسی کو دیکھے (اپنی اپنی پریشانی میں کسی کو اِتنا ہوش ہی کہاں ہوگا کہ وہ دیکھتا پھرے دوسرے ننگے ہیں یا لباس پہنے ہوئے ہیں۔“ (سنن ابن ماجہ: ۴۲۷۶/صحیح)

ممبئی، تھانہ، پونہ، ناگپور، ناسک، اورنگ آباد سمیت 20 کارپوریشنوں کی پانچ سالہ باڈی کی میعاد اختتام کے قریب

مالیگاؤں کارپوریشن سمیت جون میں میعاد مکمل کرنیوالی کارپوریشنوں کے چناؤ ایک ساتھ ہونیکا امکان

ممبئی: موصولہ خبروں کے مطابق ریاستی الیکشن کمیشن نے ممبئی میں اضافی وارڈوں اور کثیر رکنی وارڈوں کی حد بندی کے ساتھ وارڈوں کے مسودے کو حتمی شکل دینے کے لیے ایک پروگرام جاری کیا ہے۔ اس کے مطابق حتمی پلان 2 مارچ کو جاری کیا جائے گا۔ لہذا، مہاراشٹر میونسپل الیکشن مارچ اور اپریل میں اسکول کالج کے امتحانات کی تکمیل کے بعد اپریل کے مہینے میں یا مئی کے مہینے میں ایک ساتھ ہونے کا امکان ہے۔ ممبئی میونسپل کارپوریشن کے موجودہ کارپوریٹروں کی میعاد 8 مارچ کو ختم ہو رہی ہے۔ تاہم ڈرافٹ پلان کو حتمی شکل دیتے ہوئے کثیر رکنی وارڈز کی حد بندی 2 مارچ تک جاری رہے گی۔ اس مرحلے سے گزرنے کے بعد ریاست کے میونسپل کارپوریشن میں ریزرویشن کا اعلان کرنے اور ضابطہ اخلاق کو نافذ کرنے کا پروگرام ہے۔ اس لیے فروری کے مہینے میں ہونے والے انتخابات ملتوی ہونے کا امکان ہے۔ الیکشن کمیشن کے انڈیکس کے مطابق مسودہ نوٹیفکیشن یکم فروری کو شائع کیا جائے گا۔ اس کے بعد 14 اعتراض اور تجاویز پر سماعت 26 فروری کو ہوگی۔ اس حوالے سے رپورٹ 2 مارچ کو الیکشن کمیشن کو پیش کی جائے گی۔ ممبئی-تھانے اور دیگر میونسپل کارپوریشنوں کے لیے بھی ایسا ہی پروگرام ہوگا۔ فروری تک اعتراضات اور تجاویز طلب کر پیش کی جائے گی۔ تاہم سپریم کورٹ نے ریزرویشن کی حد 50 فیصد مقرر کی اور او بی سی ریزرویشن کو منسوخ کر دیا۔ اس کے بعد، ریاستی حکومت نے اس حد کے اندر 27 فیصد ریزرو کرنے کا فیصلہ کیا۔ تاہم، عدالت نے یہ کہتے ہوئے فیصلے کو بھی پلٹ دیا کہ امپیریل ڈیٹا کے بغیر ریزرویشن نہیں دیا جا سکتا۔ اس لیے او بی سی ریزرویشن پر صورت حال سپریم کورٹ میں سماعت کے بعد واضح ہوگی۔ اب یہ واضح ہے کہ موجودہ کارپوریٹر کی میعاد ختم ہونے سے پہلے انتخاب نہیں ہوگا۔ اس لیے ممبئی اور تھانے میونسپل کارپوریشن میں ایڈمنسٹریٹر کی تقرری یا کارپوریٹر کی میعاد میں توسیع کے بارے میں تجسس قائم ہے۔ فی الحال، نوی ممبئی، کلیان-ڈومبیوالی، وسائی-ویرار اور پنویل میونسپل کارپوریشنوں میں ایڈمنسٹریٹر کی تقرری کی گئی ہے۔ ریاست میں میونسپل کارپوریشنوں کی میعاد: ممبئی (8 مارچ 2022)، تھانے (5 مئی 2022)، نوی ممبئی (8 مئی 2022)، کلیان-ڈومبیوالی (10 نومبر 2020)، پونے (14 مارچ 2022)، پمپری-چنچواڑ (13 مارچ 2022)، ناسک (14 مارچ 2022)، اورنگ آباد (28 اپریل 2022)، ناگپور (4 مارچ 2022)، پنویل (9 جولائی 2022)، وسائی - ویرار (27 جون 2020)، کولہاپور (15 نومبر 2020))، بھیونڈی - نظام پور (8 جون 2022)، الہاس نگر (4 اپریل 2022)، شولاپور (7 مارچ 2022)، پربھنی (15 مئی 2022)، امراوتی (8 مارچ 2022)، آکولہ (8 مارچ 2022)، چندر پور (28 مئی 2022)، لاتور (21) مئی 2022)۔ اگر بلدیاتی انتخابات اپریل-مئی میں ہوتے ہیں تو پھر بھی یہ ابہام ہے کہ جون جولائی میں ختم ہونے والی بلدیات (کارپوریشن) اس میں شامل ہوں گی یا نہیں؟ کمیشن کی طرف سے نئی حد بندی: ریاستی کابینہ نے ممبئی میں وارڈوں کی تعداد بڑھانے اور دیگر میونسپل کارپوریشنوں میں کثیر رکنی وارڈ سسٹم کی بنیاد پر انتخابات کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے قانونی ترمیم مکمل ہونے کے بعد الیکشن کمیشن نئی حد بندی، ڈرافٹ پلان کا پروگرام طے کرے گا۔

حج 2022ء: 15 فروری تک توسیع

ممبئی: مرکزی حج کمیٹی نے حج درخواست فارم بھرنے کی تاریخ میں پندرہ روز کی توسیع کر دی ہے۔ مرکزی حج کمیٹی کے چیف ایگزیکیٹو آفسر یعقوب شیخا نے بتایا کہ 31 جنوری حج درخواست فارم بھرنے کی آخری تاریخ تھی، لیکن عازمین حج کو مزید سہولیات فراہم کرنے کے لئے درخواست فارم بھرنے کی آخری تاریخ میں پندرہ روز کی توسیع کی گئی ہے، اب عازمین حج 15 فروری تک درخواست فارم بھر سکتے ہیں۔ مرکزی حج کمیٹی کے سی ای او یعقوب شیخا نے ایک سرکیولر جاری کرتے ہوئے تمام ریاستی حج کمیٹیوں کو درخواست فارم بھرنے کی تاریخ میں توسیع کے متعلق آگاہ کر دیا ہے۔ یعقوب شیخا نے کہا کہ کووڈ-19 کے سبب عازمین حج کو مختلف پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے حالات کے مدنظر اور عازمین حج کو مزید سہولیات پہنچانے کے لئے درخواست فارم بھرنے کی تاریخ میں مزید توسیع کی گئی ہے۔ یعقوب شیخا نے کہا کہ مرکزی حج کمیٹی کی جانب سے چند روز قبل ہی مرکزی وزارت برائے اقلیتی امور کو تاریخ بڑھانے کے متعلق مکتوب روانہ کیا گیا تھا۔ حج کمیٹی کی درخواست پر مرکزی حج کمیٹی نے تاریخ میں پندرہ روز کی توسیع کی ہے۔ یعقوب شیخا نے بتایا کہ مرکزی حج کمیٹی کو ابھی تک 78 ہزار سے زیادہ درخواست فارم موصول ہو چکے ہیں ان میں بغیر محرم کے سفر حج پر روانہ ہونے والی 1600 سے زیادہ خواتین نے درخواستیں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حج درخواست فارم بھرنے کا پورا سسٹم ڈیجیٹل ہو گیا ہے اور ہمیں موبائل ایپ سے بھی بڑی تعداد میں درخواست فارم موصول ہو رہے ہیں۔ یعقوب شیخا نے کہا کہ حج 2022 کے متعلق حکومت ہند اور حکومت سعودی عرب کے درمیان دوطرفہ معاہدہ ابھی تک نہیں ہو پایا ہے اس کے چلتے ہندوستانی عازمین حج کا کوٹہ بھی ابھی تک طے نہیں ہوا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ حج 2022 کے لئے دونوں ممالک کے درمیان جلد ہی بائی لیٹرل ایگریمنٹ ہوگا۔

دستور بچاؤ کمیٹی و محروسین کے اہل خانہ کا آج علامتی احتجاج

پولس چارج شیٹ جلد داخل کرے اور جرم کے تحت دفعہ لگائے: شان ہند

مالیگاؤں (پریس ریلیز) ۱۲ نومبر تشدد معاملے میں پولیس جلد از جلد چارج شیٹ داخل کرے۔ جس کا جیسا گناہ ہے اس پر ویسی دفعات ہی لگائی جائیں۔ بے گناہ افراد پر سے سنگین دفعات ختم کی جائیں۔ ان مطالبات کو لیکر آج دستور بچاؤ کمیٹی کے ذمہ داران اور محروسین کے اہل خانہ چوک چوراہوں پر علامتی دھرنا احتجاج کریں گے۔ دستور کمیٹی کی جانب سے اس ضمن میں مزید معلومات فراہم کرتے ہوئے شان ہند نہال احمد نے کہا کہ جو افراد گرفتار ہوئے ہیں انکے اہل خانہ مختلف چوک چوراہوں پر دوپہر ۲ بجے سے شام ۵ بجے تک قانون کی پاسداری کرتے ہوئے دھرنا احتجاج کریں گے۔ ہمارا مطالبہ ہیکہ پولیس اس معاملے میں جلد از جلد چارج شیٹ داخل کرے اور بے گناہ افراد پر جو سنگین دفعات لگائی گئیں ہیں اسے بھی ختم کیا جائے- گناہ میں جسکا جیسا کردار ہے اس حساب سے ہی اس پر دفعات لگائی جائیں۔ شان ہند نے مزید کہا کہ جنتا دل سیکولر جنرل سیکریٹری مستقیم ڈگنیٹی پر بھی صرف بند کو حمایت دینے پر سخت دفعات لگائی گئی ہیں۔ مستقیم ڈگنیٹی کے افراد خانہ بھی احتجاج میں شامل ہونگے اور شہیدوں کے یادگار کے پاس نصب اشوک استمبھ کے قریب دھرنا دیں گے۔ فی الحال علامتی احتجاج کیا جا رہا ہے اور مطالبات پورے نہ ہونے پر ہم مستقبل میں بڑے پیمانے پر بھی احتجاج کریں گے۔

4 فروری کو منعقدہ جلسہ میں 12 نومبر تشدد اور جاگنگ ٹریک معاملہ میں سنسنی خیز انکشاف ہوگا

مالیگاؤں: (پریس ریلیز) مالیگاؤں شہر ضلع راشٹروادی کانگریس پارٹی کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت سے اپوزیشن پارٹیاں بوکھلاہٹ کا شکار ہوگئی ہیں۔ رات ہو یا پھر دن نکلے ہر وقت راشٹروادی کانگریس پارٹی کے لیڈران کو بدنام کرنے کیلئے اپوزیشن پارٹیاں منصوبہ بند کر رہی ہے اور جھوٹ کا سہارا لیکر عوام کو گمراہ کر رہی ہیں۔ اس لئے اب ہمیں اپوزیشن ہر سوال کا تیکھا جواب دینا ہے۔ سیاسی اصولوں کے ساتھ ہمیں تیار رہنا ہوگا اور موجودہ آمدار و انکے حواری مواری کے کچے چھٹے عوام کی عدالت میں پیش کرنا ضروری ہوگا۔ اسطرح کے جملوں کا اظہار راشٹروادی کانگریس پارٹی کے صدر آصف شیخ رشید نے نور باغ میں منعقدہ سوشل میڈیا ٹیم کی مشترکہ میٹنگ سے کیا۔ موصوف نے۔ شیخ آصف نے کہا کہ 12 نومبر معاملہ میں بھی شہریان کو گمراہ کیا جا رہا ہے۔ موجودہ ایم ایل اے مفتی اسماعیل عوام کو بیوقوف بنا رہے ہیں۔ اسی طرح انہوں نے کہا کہ عیدگاہ جاگنگ ٹریک کے معاملے میں ایم ایل اے مفتی اسماعیل کی خفیہ کارکردگی اور ناکام سیاسی رہنمائی کا بھی پول کھول جمعہ کے جلسہ عام میں کیا جائے گا۔ شیخ آصف نے سوشل میڈیا ٹیم کو

راشٹروادی کانگریس کی مقبولیت سے اپوزیشن بوکھلاہٹ کا شکار: آصف شیخ

کچھ خاص ہدایات دیتے ہوئے اپوزیشن سیاسی پارٹیوں کی کارکردگی پر ہر طرح سے گھیرنے کا ہنر قانون کے مطابق بتایا۔ انہوں نے کہا کہ راشٹروادی کانگریس پارٹی کی کارکردگی شہر بھر کی عوام کے دلوں میں جگہ بنا چکی ہے اب ہمیں اپنے تعمیری کاموں کو عوام کے بیچ پہنچانا ضروری ہے۔ شیخ آصف نے کہا کہ اس سے قبل چھگن بھجبل کی جانب سے پانچ کروڑ فنڈ ملا۔ اسی طرح ابھی دس کروڑ روپے کا فنڈ اجیت دادا پوار سے لایا گیا۔ اسکے علاوہ مزید 15 کروڑ کا فنڈ چند روز میں حاصل کیا جائے گا جسکا پرپوزل داخل کیا گیا ہے اسی طرح ہل اسٹیشن اور پالی ٹیکنک کالج کیلئے 20 کروڑ روپے لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کارپوریشن الیکشن میں ہمارے سامنے کتنا ہی بڑا گٹھ بندھن بن جائے ہمیں لڑیں گے اور کامیابی بھی حاصل کریں گے۔ شیخ آصف نے کہا کہ اپوزیشن کے پاس کوئی تعمیری مدعا نہیں ہے اس لئے وہ عوام کو جھوٹ بول کر گمراہ کر رہے ہیں۔ اس موقع پر رئیس عثمانی نے کہا کہ مفتی اسماعیل کے خیمے میں شخصیت پرستیوں ہے۔ انہیں کام کرنے کا سلیقہ نہیں ہے اور مفتی اسماعیل عوامی رابطہ میں ناکام ہو چکے ہیں۔ رئیس عثمانی نے کہا کہ گزشتہ روایت کو برقرار رکھتے ہوئے مفتی اسماعیل اب بھی ناکام ہو گئے ہیں۔ اس لئے ہمارے پاس موقع ہے کہ ہمارے عوام کی خدمت کریں۔ شیخ آصف کے کاموں کو عوام تک پہنچانا چاہئے اور راشٹروادی کو کامیاب کروانے کیلئے جدوجہد کریں۔ اس میٹنگ میں شکیل بیگ، شفیق باکسر، رئیس عثمانی، رئیس ستارہ، عقیل انصاری، پپو قریشی، ریاض علی، غازی مظفر، عادل پٹھان وغیرہ شریک تھے۔

فروری میں 12 دن بند رہیں گے بینک

نئی دہلی: موصولہ خبروں کے مطابق ریزرو بینک آف انڈیا نے فروری 2022 کیلئے بینک تعطیلات کی فہرست جاری کر دی ہے۔ ایسے میں بہتر ہوگا کہ فروری کیلئے چھوڑے گئے کاموں کیلئے برانچ جانے سے پہلے آپ بینک کی چھٹیوں کی فہرست ضرور دیکھ لیں۔ اس فہرست کے مطابق فروری 2022 میں بینک کل 12 دن بند رہیں گے۔ فروری میں بینکوں کی کل 12 دنوں کی چھٹیوں میں 4 چھٹیاں اتوار کی ہیں۔ ان میں سے کئی چھٹیاں لگاتار بھی پڑنے والی ہیں۔ بتادیں کہ ملک بھر میں 12 دن بینک بند نہیں رہیں گے۔ RBI کی سرکاری ویب سائٹ پر دی گئی چھٹیوں کی فہرست کے مطابق یہ چھٹیاں الگ الگ ریاستوں میں ہیں۔ یہ سبھی چھٹیاں تمام ریاستوں میں لاگو نہیں ہوں گی۔ آر بی آئی کی گائیڈ لائنس کے مطابق اتوار کے علاوہ مہینے کے دوسرے اور چوتھے ہفتہ کو بھی بینک بند رہتے ہیں۔

آن لائن امتحان لینے طلبہ کا مطالبہ، پولس لاٹھی چارج

ممبئی۔ موصولہ خبروں کے مطابق 10 ویں اور 12 ویں بورڈ کے امتحانات آن لائن منعقد کیے جائیں۔ اس مطالبے کے کو لیکر ممبئی۔ عثمان آباد اور ناگپور میں سینکڑوں طلبہ سڑکوں پر نکل آئے ہیں۔ طلباء کا مطالبہ ہے کہ جب دو سال سے ہماری تمام تعلیم آن لائن ہو رہی ہے تو پھر بورڈ آف لائن امتحانات کیوں لے رہا ہے۔ اسکول کے بچے دو محاذوں پر لڑ رہے ہیں، ایک طرف کورونا کی صورتحال اور دوسری طرف گزشتہ دو سالوں سے تعلیم میں پیدا ہونے والا خلاء۔ اسطرح کا عذر بھی طلباء کی جانب سے کیا گیا۔ طلباء اور انکے والدین نے وزیر تعلیم ورشا گائیکواڑ کی سرکاری رہائش گاہ پر احتجاج کیا۔ مظاہرین کو پولس انتظامیہ نے سمجھانے کی کوشش کی لیکن احتجاجیوں میں جوش اتنا تھا کہ وہ ہٹنے کیلئے تیار نہیں ہوئے اس پر بحالت مجبوری پولس کو لاٹھی چارج کرنا پڑا۔ دریں اثنا، اسکولی تعلیم کی وزیر ورشا گائیکواڈ نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ بچوں کو اکسانے اور انہیں سڑکوں پر نہ لائے۔ طلباء نے آج دسویں اور بارہویں بورڈ کے آن لائن امتحانات کا مطالبہ کرتے ہوئے ممبئی، ناگپور اور عثمان آباد سمیت کئی جگہوں پر احتجاج کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ورشا گائیکواڈ نے کہا کہ بچوں کی حفاظت اور صحت ہماری ترجیح ہے۔ اس لیے اگر دسویں اور بارہویں جماعت کے بچوں کے امتحان کے حوالے سے کوئی تجاویز ہیں تو وہ محکمہ تعلیم کو دی جائیں۔ حکومت اس پر بات کرنے کے لیے تیار ہے۔ لیکن کوئی بھی بچوں کو اس طرح سڑکوں پر نہ لائیں۔

مفتی اسمٰعیل عوام کو بیوقوف بنانا بند کردیں 90 دنوں میں چارج شیٹ داخل کرنا پولس کی ذمہ داری

مالیگاؤں (پریس ریلیز) مالیگاؤں تشدد معاملہ میں شہر کے رکن اسمبلی مفتی اسماعیل صرف گمراہ کن سیاست کر عوام کو بیوقوف بنا رہے ہیں۔ مفتی اسماعیل کو قانون سمجھتا ہے یا نہیں لیکن ان کی حرکتوں سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ قانون سمجھتے نہیں ہیں یا پھر مفتی اسماعیل عوام کو گمراہ کر رہے ہیں۔ اسطرح کا اظہار ایک پریس ریلیز کے ذریعے کارپوریٹر اسلم انصاری نے کیا ہے۔ اسلم انصاری نے کہا کہ جس طرح مفتی اسماعیل مالیگاؤں ایڈیشنل ایس پی اور ضلع ایس پی کے پاس جا کر چارج شیٹ فائل کرنے کا مطالبہ کر رہے ہیں وہ صرف دکھاوا ہے اور عوام کو بیوقوف بنانے کے مترادف ہے۔ اسلم انصاری نے کہا کہ چارج شیٹ کا قانون ہے کہ وہ 90 دنوں میں پیش کرنا ضروری ہے۔ اسلم انصاری نے کہا کہ پولس کو ہر حال میں چارج شیٹ 90 دنوں میں یعنی 12 فروری تک پیش کرنا ہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر مفتی اسماعیل کو 12 نومبر تشدد معاملہ میں گرفتار قوم کے مسلم افراد سے اتنی ہمدردی اور نمائندگی کا خیال ہوتا تو وہ ایک دیڑھ ماہ کے اندر چارج شیٹ پیش کرنے کیلئے پولس پر دباؤ بناتے۔ لیکن وہ مکمل طور پر عوام کی نمائندگی کرنے میں ناکام ہو گئے ہیں اسی لئے کبھی یہاں کبھی وہاں جا کر عوام کو گمراہ کر رہے ہیں اور 12 نومبر تشدد معاملہ میں گرفتار شدگان کے اہل خانہ کے جذبات سے کھلواڑ کر رہے ہیں۔ اسلم انصاری نے کہا کہ جس طرح مفتی اسماعیل نے مالیگاؤں بم دھماکہ معاملہ میں کہا تھا کہ سب بے قصور نہیں ہے بالکل اسی طرح انہوں نے 12 نومبر تشدد معاملہ میں پولس حکام سے کہہ دیا کہ کچھ افراد بے قصور ہیں یعنی کچھ کو چھوڑ کر سب گناہ گار؟ اسلم انصاری نے کہا کہ مفتی اسماعیل کے اس گھٹیا بیان اور پولس دوستی کی ہم مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آصف شیخ رشید کی قیادت میں ہمارا مطالبہ اول دن سے یہی ہے کہ سب بے قصور ہیں، پولس نے مالیگاؤں کے مسلمانوں کے ساتھ زیادتی کی ہے جسکے خلاف ہم مالیگاؤں سے ممبئی تک اول دن سے لڑ رہے ہیں۔ اور مفتی اسماعیل صرف فوٹو بازی کی سیاست کر رہے ہیں۔ اسلم انصاری نے کہا کہ مفتی اسماعیل آپ اپنے بھکتوں کو بیوقوف بناؤ، عوام سمجھدار ہیں قانون کے مطابق چارج شیٹ 90 دنوں میں پیش کرنا پولس کی ذمہ داری ہے آپ بولے یا نہ بولے قانون بولتا ہے۔ اس لئے ڈرامہ بازی بند کرو، شہر کی عوام سمجھ گئی ہے کہ ہم سے بڑی بھول ہوگئی شہر سے ایک ناکارہ شخص ایم ایل اے بن بیٹھا۔

سر سید کیمپس میں 73 جشن یوم جمہوریہ

سر سید پرائمری و ہائی اسکول میں جشن یوم جمہوریہ کی تقریب بڑے ہی پر وقار اور سادگی کے ساتھ منعقد کی گئی اس تقریب میں سرسید ایجوکیشن سوسائٹی کے صدر محمد ہارون سیٹھ صاحب وسیکریٹری شیخ سلیم صاحب ہیڈ ماسٹر شیخ نعیم سر وانچارج ہیڈ ماسٹر محسن انجم سر حاضر تھے سوسائٹی کے سیکریٹری شیخ سلیم صاحب کے ہاتھوں سے پرچم کشائی کی گئی بعد از مختصر پروگرام کے خطبہ صدارت میں شیخ سلیم صاحب نے ہیڈ ماسٹر و ٹیچنگ نان ٹیچنگ اسٹاف طلباء وطالبات کو یوم جمہوریہ کی مبارک باد دی۔

ایس ایم خلیل ہائی اسکول میں جشن جمہوریہ کا انعقاد و پرچم کشائی

بروز بدھ 26 جنوری 2022ء ملک کی 73 ویں یومِ جمہوریہ پر ایس، ایم خلیل ایجوکیشنل کیمپس گولڈن نگر مالیگاؤں میں جشن یومِ جمہوریہ انتہائی تزک واحتشام کے ساتھ منایا گیا۔ رسم پرچم کُشائی محترم فیضی سلمان شکیل احمد صاحب کے ہاتھوں عمل میں آئی۔ رسم پرچم کُشائی کے بعد محترم فیضی سلمان شکیل احمد صاحب کی صدارت میں ایک مختصر تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں سٹی کالج کے پروفیسر محترم انصاری عبداللہ دانیال صاحب، محترم توصیف احمد شیخ مختار صاحب (میکانیکل انجنیئر) اور عبدالمومن سیٹھ بطور مہمان خصوصی تشریف فرما تھے۔ پروگرام کا آغاز تلاوت کِلام پاک سے کیا گیا۔ اسکول ہذا کے فعال معلم محترم مختار سر نے نظامت کے فرائض انجام دیتے ہوئے تحریک وتائید صدارت پیش کی اور صدر محفل کا انتخاب کیا۔ اسکول ہذا کے ہیڈ ماسٹر صاحبان محترم عبید اسلم سر اور محترم نورالامین سر نے مہمانان کرام کی خدمت میں پھولوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے ان کا استقبال کیا۔

سویس ہائی اسکول مالیگاؤں میں یومِ جمہوریہ

مالیگاؤں رملکِ عزیز ہندوستان اپنی گنگا جمنی تہذیب وثقافت کے لیے مشہور ومعروف ہے۔ یہ وہ سرزمین عزیز ہے جس کے دامن میں ہر جانب کے ہر رنگ ونسل کے لوگ آئے اور آباد ہو گئے۔ اس ملک میں وطن کی محبت میں سرشار اس ملک کی آن بان شان کو سلامت رکھنے کے لیے کروڑ ہا کروڑ ہندوستانی ہر قسم کے ایثار وقربانی کے لیے تیار رہتے ہیں اور قومی تہواروں کے موقع پر اس کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ اور اپنے گلی محلوں، مکانوں، تعلیم گاہوں کو ترنگے سے، قمقمے سے، جھلملاتی روشنیوں سے آباد کرتے ہیں۔ کورونا مہاماری کے سبب یہ اندیشہ تھا کہ یہ خوشی بھی نہ ہم سے روٹھ جائے مگر مقامِ شکر ہے کہ امسال تمام جگہوں یومِ جمہوریہ نہایت شان وشوکت سے منایا گیا۔ اسی ضمن میں بروز بدھ صبح آٹھ بجے ۲۶ر جنوری ۲۰۲۲ء کو سویس ہائی اسکول کے وسیع وعریض گراؤنڈ پر رسمِ پرچم کشائی بدست رکن انجمن سویس ڈاکٹر شفیق احمد جمیل حسن انجام پذیر ہوئی۔ سینئر ٹیچر، سوپروائزر محترم عبدالعزیز سر کی ہدایت پر طلباء وطالبات نے یک زبان راشٹر یہ گیت پیش کر کے ایک کیف، ایک سرور، ایک سماں طاری کر دیا۔ طلباء و طالبات کے اندر ایک عجیب جوش وخروش نظر آرہا تھا۔ اس سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے فوراً مختصر سی ثقافتی تقریب کا آغاز انجمن سویس کے سکریٹری عالی جناب عبدالرحیم سیٹھ صاحب کی صدارت میں ترتیب دیا گیا۔ اس موقع پر خازنِ انجمن محترم آمین سیٹھ کتھے والے موجود تھے۔ دیگر مہمانان میں جناب نعیم روشن، جناب ناصر بھائی رائل کیمسٹ، سعود بھائی، عبدالرحیم دیپ مالا نے بھی طلباء وطالبات کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ اور ہر طالب علم کی بھر پور پذیرائی کی اور نقد انعامات سے نوازا۔ ایوبی اشفاق سر نے اول تا آخر یومِ جمہوریہ کی مناسبت سے ملک کے دستور، دستور کی سالمیت اور ملک کے آئین اور آئین کے پاسبان کے متعلق سیر حاصل گفتگو طلباء وطالبات سے کی۔ پروگرام کے دوران روبوایج کے نتائج کا بھی اعلان کیا گیا۔ روبوایج جنرل نالج مقابلہ ہر سال منعقد ہوتا ہے جس میں سویس سے بھی سیکڑوں طلباء سینئر معلم جاوید اختر عبدالعزیز صاحب کی رہنمائی میں شرکت کرتے ہیں۔ روبوایج کے اس مقابلے کے لیے جاوید سر بھرپور محنت کرتے ہیں۔ امسال نتائج کے مطابق شہر ٹاپر کا انعام سویس ہائی اسکول کی ایک طالبہ کو ملا

شیخ عثمان ہائی اسکول میں آصف شیخ کے ہاتھوں پرچم کشائی

بروز بدھ بتاریخ 26-01-2022 جنوری کے موقع پر شیخ عثمان ہائی اسکول مالیگاؤں میں یوم جمہوریہ نہایت ہی تزک واحتشام کے ساتھ منایا گیا۔ صبح ٹھیک 7:45 بجے اسکول ھذا کے وسیع وعریض میدان میں سابق MLA شیخ آصف صاحب کے ہاتھوں پرچم کشائی عمل میں آئی اور طلبہ وطالبات نے جھنڈے کو سلامی دی اور راشٹر گیت سے فضاء کو معمور کیا گیا۔ بعد ازاں ایک مختصر مگر دیدوزیب رنگا رنگ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ تمہیدی کلمات کے بعد نعت خوانی فرید صدیقی سر نے پیش کیا تحریک صدارت و تائید صدارت اسکول کے سپروائزر انصاری محمد عارف سر نے پیش کی پروگرام کے اغراض ومقاصد انچارج ہیڈ ماسٹر جناب محمد افضل سر نے پیش کیا۔ اخلاق احمد ناگا صاحب کے ہاتھوں سابق MLA جناب شیخ آصف شیخ رشید صاحب کو پھولوں کا ہار اور شال پیش کر کے ان کا استقبال کیا۔ پروگرام میں سوسائٹی کے سکریٹری محمد حسن محمد فاروق صاحب بہ نفس ونفیس حاضر تھے۔ اِن کے علاوہ وائس چیرمین اقراء ناز۔ جوائنٹ سیکریٹری شعیب احمد۔ ممبر صوفی مختار احمد مخدوم۔ یوسف سیٹھ صاحبان موجود تھے۔ اس پروگرام کی نظامت بڑے ہی دلکش انداز میں اسکول کے فعال معلم محترم صدیقی فرید سر نے انجام دی۔ پروگرام کی صدارت اخلاق احمد ناگا صاحب نے کی۔ اسکول ھذا کی طالبات نے استقبالیہ گیت پیش کیا بعد ازاں ساتویں جماعت کی طالبات کے قومی گیت پیش کر کے پروگرام کو چار چاند لگا دیا۔ پروگرام کے صدر موصوف نے اپنی تقریر میں یوم جمہوریت کی اہمیت اور مستقبل میں ایثار وقربانی اور محبت کو اپنانے اور بزرگوں کا احترام کرنے کی نصیحت کی۔ سراج سر کے رسم شکریہ کے ساتھ پروگرام کا اختتام ہوا۔

ناظم دفترِ حافظ اشفاق محمدی کی والدہ کا انتقال

انتہائی افسوس کے ساتھ یہ خبر دی جاتی ہیکہ ناظم دفتر حافظ اشفاق احمد محمدی، مسعود ڈائمنڈ اور شکیل ڈائمنڈ کی والدہ اور حافظ ریاض ملی (سابق امام سلیمانی مسجد) کی بھابھی اور مرتضی ماسٹر (مدینہ والے) کی بہن اس فانی دنیا کو چھوڑ کر اپنے مالک حقیقی سے جا ملی ہیں۔ دعا ہے کہ رب العزت مرحومہ کو کروٹ کروٹ غریق رحمت کرے، جنت الفردوس کے علیین میں اعلی مقام عطا کرے، لغزشوں کو عفو درگزر کرے، حسنات کو قبول فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔ ورثاء، لواحقین و متعلقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ ہم تمام جملہ ذمے داران واراکین ان کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ نماز جنازہ و تدفین مسلم نگر عثمان منزل کی گلی سے بعد نماز مغرب فوراً مسجد حمیدیہ بڑا قبرستان لے جایا جائے گا۔ شریک غم و دعا: جمعیت اہل حدیث مالیگاؤں و مہاراشٹر، دفتر: اہل حدیث منزل گولڈن نگر مالیگاوں، مصلیان مسجد اہل حدیث گولڈن نگر مالیگاوں، عبدالماجد فیضی اینڈ فیملی، فرید اختر گولڈن۔

مرحوم خورشید ماسٹر میموریل باسکٹ بال ٹورنامنٹ کا انعقاد

الحمدللہ ہر سال کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے امسال بھی اے ٹی ٹی ہائی اسکول اینڈ جونیئر کالج کے گراؤنڈ پر مالیگاؤں تعلقہ باسکٹ بال ایسوسی ایشن اور ناسک ڈسٹرکٹ باسکٹ بال ایسوسی ایشن کی جانب سے 26 جنوری بروز بدھ کو ایک فرینڈلی ٹورنامنٹ کا انعقاد بنام *مرحوم خورشید ماسٹر میموریل باسکٹ بال ٹورنامنٹ* لیا گیا. جس میں مالیگاؤں شہر کے علاوہ بیرون شہر کی ٹیموں نے شرکت کی. اس پورے ٹورنامنٹ میں 20 ٹیموں نے حصہ لیا. اور یہ ٹورنامنٹ مالیگاؤں تعلقہ باسکٹ بال ایسوسی ایشن کے سکریٹری زبیر اقبال سر کی نگرانی میں صبح 10 بجے سے رات 9 بجے تک چلا. تقریبِ انعامات کی صدارت اے ٹی ٹی ہائی اسکول اینڈ جونیئر کالج کے ہیڈ ماسٹر جناب اشفاق صدیق سر نے کی. ٹورنامنٹ کے اغراض و مقاصد اے ٹی ٹی ہائی اسکول اینڈ جونیئر کالج کے فزیکل ٹیچر شفیق کلر سر نے ادا کیا. مہمانوں کا استقبال عبدالستار سر، نجیب کمال سر، شاہد اختر سر، نعیم صدیقی سر شفیق کلر سر مالیگاؤں کا نیشنل کھلاڑی عبداللہ خلیل اور سیف لاریکس نے کیا. اور مالیگاؤں کے 2 نیشنل کھلاڑی مومن اسعد عباد اور مومن ولید انجم کا بھی استقبال جناب اشفاق صدیق سر کے ہاتھوں کیا گیا. مہمان کرام میں راشد ایوب معاون کارپوریٹر، سریکھا دفتری میڈم نیم گاؤں، عمران سید ناسک، ابوالفیصل سر کوہ نور میوزک اکیڈمی، ریاض بنکر STD، انور بھائی مانو سماچار، بابو بھائی میٹرو ہوٹل، شیخ سردار، موجود تھے. اس پروگرام کی نظامت زبیر اقبال سر نے بہ حسن خوبی انجام دی اور رسم شکریہ شفیق کلر سر نے ادا کیا۔

التمش خان کا لندن کی یونیورسٹی میں ہوا ایڈمیشن

مالیگاؤں:- شہر عزیز مالیگاؤں دینی، ادبی، جدید عصری و ٹیکنیکل تعلیم میں بھی اب کسی سے پیچھے نہیں رہا ہمارے طلباء و طالبات جدید عصری علوم میں اپنے ٹیلینٹ و معیار کے مطابق اپنا مقام بنا رہے ہیں اسی ضمن میں مالیگاؤں اقصی کالونی، عبدالرحمن پارک، میں رہائش پزیر مسعود احمد خان (ایم کے بلڈرس فرم) خانوادے کے ہونہار و لائق فرزند "التمش خان" نے لندن کی عظیم و اعلیٰ "کونٹری یونیورسٹی" میں پوسٹ گریجویشن میں داخلہ حاصل کرنے میں کامیابی حاصل کی ہے- قبل اسکے، التمش خان نے ناسک ضلع کے کے واگھ کالج سے "کیمیکل انجنیئرنگ" میں امتیازی نمبرات سے کامیابی حاصل کی تھی اور امتیازی نمبرات کی بدولت ہی لندن کی عظیم الشان "کونٹری یونیورسٹی" میں پی جی کے لئے اہل قرار پائے۔ آپ نے گذشتہ دنوں لندن کے سفر کے لئے رخت سفر باندھ لیا ہے- اس عظیم الشان کامیابی پر جہاں اہلِ خانہ مسرور ہیں، وہیں دوست احباب، متعلقین و رشتے دار بھی خوش ہیں اور مبارکبادی و دعاؤں کا سلسلہ دراز ہے- اس موقع پر ربانی دی اسکالر یوٹیوب چینل و بلاگ، ربانی خطاطی مرکز و ادارہ فیضانِ ربانی کی جانب سے بھی التمش خان، انکے والدین اور اہلِ خانہ کو مبارکباد پیش کی جاتی ہے۔

حراء انگلش میڈیم اسکول میں جشنِ یومِ جمہوریہ و پرچم کشائی

مالیگاؤں:- 26 جنوری بروز بدھ صبح ساڑھے سات بجے سنی دعوت اسلامی مالیگاؤں کے زیرِ اہتمام جاری حراء انگلش میڈیم اسکول میں 73 واں یومِ جمہوریہ چئیرمین حراء انگلش میڈیم اسکول مولانا سید محمد امین القادری صاحب قبلہ کی سرپرستی میں انتہائی جوش و خروش کے ساتھ منایا گیا جہاں پر اسکول میں زیرِ تعلیم طلبہ و طالبات نے اپنے مخصوص و دلنشین انداز میں حب الوطنی سے سرشار نظم، تقریر و دیگر پروگرام پیش کئے یومِ جمہوریہ کے موقع پر مقررین نے بچوں کے درمیان معلوماتی باتیں بتاتے ہوئے کہا کہ 26/ جنوری تاریخِ ہند کا یادگار دن کہلاتا ہے سن عیسوی 1950 کو ہندوستان کے آئین کا نفاذ کیا گیا اور ہندوستان ایک خودمختار ملک بنا جس کا خواب آزادئ ہند کے متوالوں اور ہمارے اسلاف نے دیکھا تھا جس کے لئے اپنے لہو سے گلستان ہند کی آبیاری کی تھی اسی لئے اس کو اہمیت حاصل ہے آج کے پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا بعدہ حمد و نعت اور قومی پرچم (ترنگا) کو راشٹریہ گیت کے ساتھ سلامی پیش کی گئی مہمانانِ خصوصی کی حیثیت سے حافظ و قاری مولانا مقصود اشرف، قاری عبدالسلام، قاری نوری محمد رضوی، نعیم اختر نوری، عبدالرشید رضوی، ساجد نوری، عرفان منصوری، عادل موٹلانی، آمین نوری، عطاء الرحمن نوری، رضوان میمن، ندیم نوری، عبدالماجد نوری اور دیگر علمائے کرام آئمہ مساجد اہلسنّت سنی دعوت اسلامی مالیگاؤں کے تمام شعبہ جات سے وابستہ مبلغین، معاونین اراکین و محبین حاضر تھے۔

'بی جے پی حکومت نے ڈائن مہنگائی کو بنایا گھر جمائی'

بی جے پی حکومت میں لگاتار بڑھتی مہنگائی اور بے روزگاری کو لے کر کانگریس حملہ آور رخ اختیار کیے ہوئے ہے۔اسی ضمن میں 31 جنوری کو کانگریس جنرل سکریٹری اور ترجمان رندیپ سنگھ سرجے والا نے ایک کتابچہ جاری کر مہنگائی کے ایشو پر مودی-یوگی حکومت پر شدید حملہ کیا۔'مہا مہنگائی - بھاجپالائی' نام سے تیار کتابچہ یوپی کانگریس ہیڈکوارٹر میں جاری کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ ''بی جے پی حکومت نے ڈائن مہنگائی کو گھر جمائی بنالیا ہے۔'' رندیپ سنگھ سرجے والا نے اس موقع پر میڈیا سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ مودی اور یوگی حکومتیں جس عوام کے نمک کی قسم کھا کر اقتدار میں آئیں، اس کی قیمت بھی آج دوگنی ہوگئی ہے۔ایک طرف لوگ مہنگائی کی آگ میں جھونکے جارہے ہیں تو گزشتہ سات سالوں میں بی جے پی کی ملکیت 780 کروڑ روپے سے بڑھ کر 4850 کروڑ روپے ہوگئی ہے۔اتنا ہی نہیں، بی جے پی کے 'متر' روزانہ 1000 کروڑ روپے کما کر لاکھوں کروڑ میں پہنچ گئے ہیں۔ بی جے پی حکومت کا نیا ماڈل ہے 'پونجی پتیوں کو سینچو، نوکری پیشہ-متوسط طبقہ سے کھینچو'۔ کانگریس لیڈر نے اپنی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے کہا کہ بی جے پی حکومت میں تھوک مہنگائی 12 سال کی اعلیٰ سطح 14.23 فیصد تک پہنچ گئی ہے اور خوردہ مہنگائی دسمبر میں بڑھ کر 5.59 فیصد ہوگئی ہے۔خوردنی اشیاء، پٹرول-ڈیزل، سی این جی، رسوئی گیس، سیمنٹ، اسٹیل کی قیمتوں اور ریل کرایہ میں گزشتہ سات سالوں کے دوران ہوئے اضافہ کے اعداد و شمار پیش کیا۔

THE MAIDAN E SAHAFAT, TWICE A WEEK , PRINTED, PUPLISHED & OWNED BY SHAHZAD AKHTAR MOHAMMAD YUNUS PRINTED AT NEW SHARP OFFSET PRINTERS, OPP. NEW BUS STAND, BEHIND APSARA LODGE, SHAHID ABDUL HAMID ROAD, MALEGAON (NASHIK) AND PUBLISHED AT S.NO.77/1, PLOT NO.3/B, BATOOL PARK, MALEGAON (NASHIK) - 423203 EDITOR : SHAHZAD AKHTAR MOHAMMAD YUNUS.
E-mail : maidanesahafat@gmail.com Mobile No. 9028166616